10/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

اسمبلی

قانون ساز اسمبلی میں آج کٹھوعہ کے بلاور علاقے میں تین شہری ہلاکتوں اور گلمرگ میں ہوئے فیشن شو کے معاملات پر شور و غل کے مناظر دیکھنے کو ملے ۔ جموں کے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ایوان میں جیسے ہی وقفہ سوالات شروع ہوا تو نیشنل کانفرنس اور کانگریس کے ارکان بلاور ہلاکتوں کے معاملے پر بحث کرانے کے معاملے پر بضد تھے ۔

ڈاکٹر رمیشور سنگھ نے ایوان کے وسط میں آنے کی MLA ہنگامہ آرائی کے دوران بنی کے کوشش کی تاہم مارشلوں نے انہیں روک دیا ۔

کے ارکان کو اس طرح شور و غل سے اجتناب کرنے اور اپنی NC سپیکر عبدالرحیم راتھر نے نشستوں پر بیٹھنے کی کئی بار درخواست کی ، البتہ ارکان نے اپنا احتجاج لگاتار جاری رکھا ۔ کپوارہ میر محمد فیاض نے گلمرگ میں غیر مناسب فیشن شو MLA ہنگامہ آرائی کے دوران ہی منعقد کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کیا ۔ بلاور ہلاکتوں کے معاملے میں سپیکر نے کہا کہ ایوان میں اس معاملے پر بحث نہیں ہو سکتی کیونکہ یہ معاملہ اسمبلی کے دائرہ اختیار میں ہی نہیں ہے ۔

سپیکر نے کہا کہ لیفٹنٹ گورنر نے اس معاملے میں تحقیقات کے احکامات جاری کئے ہیں جبکہ فیشن شو کے بارے میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے چھان بین کرنے کا حکم جاری کیا ہے ۔

ڈاکٹر رمیشور سنگھ پر سنیچر کو بلاور میں جو حملہ کیا گیا ، ایوان اس MLA سپیکر نے کہا کہ کی مذمت کرتا ہے اور اس معاملے میں بھی وسیع تحقیقات کی جانی چاہئے ۔ ۔

تحقیقات

کٹھوعہ ضلع میں

ا

ن تین افراد کی موت کی جانچ کے لئے پولیس کی ایک ٹیم تشکیل دی گئی ہے، جن کی لاشیں ± ضلعے کے ایک دور دراز جنگلاتی علاقے سے ایک جھرنے کے قریب ملی تھیں۔

جموں کٹھوعہ سانبہ رینج کے پولس کے ڈپٹی انسپیکٹر جنرل شیو کمار نے بتایا کہ معاملے کے
سبھی
پہلوو

ں کو دیکھا جائے گا اور چھان بین کے نتائج کو جلد ہی منظرِ عام پر لایا جائے گا۔ؑ

اجلاس

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ آج سے شروع ہو گیا ہے۔ یہ مرحلہ 4 اپریل تک جاری رہے گا، جس دوران 20 نشستیں ہوں گی۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اجلاس کے دوران سال 2025-26 کے لئے مطالبات زر پر بحث اور ووٹنگ ہوگی اور اِس سے متعلق بِل پر بھی بحث مباحثہ کیا جائے گا۔

یہ اجلاس 31 جنوری کو پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی مشترکہ نشست سے، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب سے شروع ہوا تھا اور وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے یکم فروری کو مرکزی بجٹ پیش کیا تھا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے دونوں ایوانوں میں صدر کے خطبے پر شکریہ کی تحریک کا جواب دیا تھا۔

داخلہ سیکریٹری

مرکزی داخلہ سیکریٹری گووِند موہن نے جموں میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ میں یوٹی کی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس میٹنگ کے دوران خطے میں دہشت گردی کے خاتمے کےلئے اپنائی جا رہی حکمت عملی کا جائزہ لیا گیا۔

میٹنگ میں جمونوکشمیر کے سینئر پولیس افسران و حفاظتی عملے کے حکام نے شرکت کی۔ داخلہ سیکریٹری کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ گووِند موہن کی جموں خطے میں پہلی سکیورٹی جائزہ میٹنگ تھی۔

CISF

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سنٹرل انڈسٹریل سیکورٹی فورسز کو ان کے 56 ویں یوم تاسیس پر ملک کے CISF مبارک باد پیش کی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لیفٹنٹ گورنر نے کہا ہے کہ حساس بنیادی ڈھانچے ،اہم تنصیبات اور عوامی اثاثوں کی حفاظت میں اہم رول ادا کرتی آئی ہے ۔

کے تمام افسروں ، CISF سرینگر میں قائم فوج کی چنار کور کے جنرل آفیسر کمانڈنگ نے بھی اہلکاروں اور ان کے اہل خانہ کے تئیں یوم تاسیس کے موقعہ پر نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔

کشمیر یونیورسٹی

یونیورسٹی Amity کشمیر یونیورسٹی نے ایسو سی ایشن آف انڈین یونیورسٹیز کی طرف سے نوئیڈا میں منعقد کردہ 38 ویں انٹر یونیورسٹی نیشنل یوتھ فسٹیول میں دو میڈل جیت کر شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے ۔

ٹیم کی جیت کے بعد اب قومی سطح کے Debating دلی میں حال ہی میں کشمیر یونیورسٹی کی اس مقابلے میں فائن آرٹس کے دستے نے ادارے کا نام روشن کیا ہے ۔

کھیلو انڈیا

جموں و کشمیر میں سیاحتی مقام گلمرگ کی برف پوش پہاڑیوں پرکھیلو انڈیا سرمائی کھیلوں کی سرگرمیاں آج دوسرے روز احسن طریقے پر جاری ہےں ۔ کھیلو انڈیا وِنٹر گیمز کے دوسرے مرحلے کے پہلے دن کل مختلف کھیلوں میں کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی دیکھنے کو ملی ۔

بورڈنگ مقابلے میں جموں و کشمیر کے معراج الدین خان // ایلپائن سکینگ Snow مردوں کے بورڈنگ میں اتراکھنڈ کی مینکا گنجیال // Snow میں ہماچل پردیش کے یوگیش کمار // خواتین کی Skiمردوں کے
ماو

میں بھوانی تھکیڈا نے Skiing نٹیرینگ میں فوج کے راجیشور سنگھ // اورخواتین کی نارڈکۂ سونے کے تمغے جیت لئے ۔

واضح رہے کہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل شام ایک پُر وقار تقریب پر اس ایونٹ کا رسمی طور پر افتتاح کیا ۔ اس موقعہ پر انتظامیہ کے کئی سینئر عہدیدار بھی موجود تھے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ